خوبصورت کیلا


الزبتھ لیرڈ




خوبصورت کیلا

الزبتھ لیرڈ





"الوداع، ماں،" بیٹرس کہتی ہے۔ وہ اپنے دادا سے ملنے جا رہی ہے۔ اس کے پاس ان کے لیے ایک تحفہ ہے۔ وہ کیلوں کا ایک خوبصورت گچھا ہے۔



راستے میں، اُس کی ملاقات ایک زراف سے ہوتی ہے، جو اپنی گچھے دار دم ہلاتا ہے۔ وہ بیٹریس کے سر سے کیلے جھٹک دیتا ہے، اور وہ چھپاک کی آواز کے ساتھ ندی میں جا گرتے ہیں۔



زراف کہتا ہے، "اوہ، مجھے افسوس ہے۔" وہ کچھ پھول توڑتا ہے اور بیٹریس کو دینے کے لیے نیچے جھکتا ہے۔

وہ کہتی ہے، "میرے دادا جان انہیں پسند کریں گے۔"



شہد کی مکھیوں کا ایک غول پھولوں پر منڈلاتا ہے۔ "ارے !" بیٹریس چلائی۔ وہ مکھیوں کو بھگا دیتی ہے، لیکن پھول کچل کر خراب ہو جاتے ہیں۔

شہد کی مکھیاں کہتی ہیں، "ہمیں بہت افسوس ہے۔" وہ شہد کا کچھ چھتہ لپیٹتی ہیں اور اس کے بجائے بیٹریس کو دے دیتی ہیں۔ وہ آگے بڑھتی ہے، راستے پر نیچے۔





کچھ شرارتی بندر شہد کا چھتہ دیکھتے ہیں۔ "ہمیں شہد پسند ہے!" وہ چلاتے ہیں۔ وہ اسے بیٹریس سے چھین لیتے ہیں۔ سارا شہد زمین پر ٹپک جاتا ہے۔

"رکو!" بیٹریس کہتی ہے۔ "وہ شہد میرے دادا جان کے لیے تھا۔"

"اوہ، پیارے،" بندر کہتے ہیں۔ وہ درختوں پر چڑھ جاتے ہیں اور اس کے بجائے اس کے لیے کچھ آم توڑ لاتے ہیں۔




بیٹرس آم لیتی ہے
اور تیزی سے آگے
بڑھ جاتی ہے۔





اچانک، ایک شیر باہر چھلانگ لگاتا ہے ! "آہ !"بیٹریس چیختی ہے۔ وہ
بہت، بہت ڈری ہوئی ہے۔ وہ آموں کو گرا دیتی ہے، اور وہ سب
لڑھک کر دور چلے جاتے ہیں۔






"ڈرو مت،" شیر کہتا ہے۔ "میرا ارادہ تمہیں ڈرانے کا نہیں تھا۔" وہ
اپنی مونچھوں کا ایک بال نکالتا ہے اور اسے بیٹرس کو دے دیتا
ہے۔بیٹرس وہ بال ہاتھ میں پکڑے تیزی سے آگے بڑھ جاتی ہے۔

ایک طوطا مونچھ کا وہ بال دیکھتا ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ یہ کوئی ٹہنی ہے۔ وہ تیزی سے نیچے آتا ہے اور اپنا گھونسلہ بنانے کے لیۓ اسے اٹھا کر لے جاتا ہے۔ "واپس آؤ!" بیٹریس چلائی۔ "وہ بال میرے دادا جان کے لیۓ تھا۔"




طوطا ٹیں ٹیں کرتے ہوئے کہتا ہے، "میری غلطی ہے۔" وہ اپنی دُم سے ایک لمبا پر نکالتا ہے اور اسے بیٹریس کو دے دیتا ہے۔ وہ دوبارہ آگے بڑھ جاتی ہے۔




لیکن راستے کے کنارے وہ لمبی سرمئی چیز کیا لٹک رہی ہے؟ بیٹریس اسے اپنے پر سے چھوتی ہے۔



"تم مجھے گد گدی کر رہی ہو!" ہاتھی ہانپتے ہوئے کہتا ہے۔
"آچھو!" اس کی چھینک سے وہ پر اڑ کر دور چلا جاتا ہے۔






ہاتھی کو افسوس ہوتا ہے۔ وہ اپنی سونڈ پھیلاتا ہے اور بیٹریس کے لیے کیلوں کا ایک گچھا توڑتا ہے۔ وہ تالیاں بجاتی ہے۔ "اوہ، شکریہ"، وہ کہتی ہے۔ "آخر کار کیلے ہی سب سے بہترین ہیں۔"



آخر کار یہاں دادا جان کا گھر ہے، اور آخر کار یہاں دادا
جان ہیں۔ "میرے پاس آپ کے لیے کچھ ہے۔"
بیٹرِیس کہتی ہے، اور وہ انہیں ان کا تحفہ دیتی ہے—
کیلوں کا ایک خوبصورت گچھا!



ختم